## سوال:۔354

منجانب:۔ **محترم عنایت اللہ صاحب، رکن صوبائی اسمبلی، صوبہ خیبر پختونخواہ۔**

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| | کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:۔ | |
| (الف) | آیا یہ درست ہے کہ یونیورسل ہیلتھ کیئر کوریج (UHC) ایس ڈی جیز (Sustainable Development Goals) کے تحت ایک ادارہ ہے؟ | یونیورسل ہیلتھ کوریج کے گول ۳ (ہیلتھ) کا ایک ٹارگٹ ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ ریاستیں ایسے پروگرام/سکیمیں متعارف کروائیں گی جن کے ذریعے تمام ریاستی باشندوں کو صحت کی تمام ضروریات بنا کسی مالی پریشانی کے میسر ہوں۔ |
| (ب) | آیا یہ بھی درست ہے کہ یونیورسل ہیلتھ کیئر کوریج (UHC) کے بجائے مخصوص طبقات کے لئے صحت کارڈ متعارف کیا گیا ہے؟ | جی نہیں یہ درست نہیں ہے۔ |
| (ج) | آیا یہ بھی درست ہے کہ صحت کارڈ کی تقسیم منصفانہ اور مئوثر نہیں ہے؟ | جی نہیں یہ درست نہیں ہے۔ |
| (د) | اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو صحت کارڈ کے اجراء پر اب تک سالانہ کتنا خرچہ آیا ہے اور انشورنس کمپنی کو کتنی ادائیگی کی گئی ہے؟ اسکی تفصیل فراہم کی جائے۔ | صحت سہولت پروگرام کے تحت انشورنس کمپنی کو اب تک 4,555 ملین کی ادائیگی کی گئی ہے۔ |